مترجم

جناب الحاج مولانا اشفاق حسین

ابو منصور احمد ابن علی ابن ابی طالب طبرسی

(از علمائے اوائل قرن ششم)

احتجاجِ طبرسی

حصہ (اول۔ دوئم)

ناشر

ادارہ تحفظ حسینیت

لاہور پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

احتجاج طبرسی

ابو منصور احمد ابن علی ابن ابی طالب طبرسی
(ازعلماء اوائل قرن ششم)

حصہ (اوّل۔ دوم)

مترجم
جناب الحاج مولانا اشفاق حسین صاحب

ناشر:

ادارہ تحفظ حسینیت علیہ السلام

لاہور۔ پاکستان

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب............................احتجاج طبرسی

مؤلف............................ابو منصور احمد ابن علی ابن ابی طالب طبرسی

............................(از علماء اوائل قرن ششم)

مترجم:............................جناب الحاج مولانا اشفاق حسین صاحب

طبعہ اوّل............................۲۰۰۹ء

تعداد............................۱۰۰۰

ناشر............................ادارہ تحفظ حسینیت علیہ السلام لاہور

ملنے کا پتہ

تمام شیعہ بک سٹال پر دستیاب ہے

احتجاج طبرسی
حصہ اول

معاویہ کا نوشتہ اور جواب امیر المومنینؑ

(بعض فضائل کیطرف اشارہ)

ابو عبیدہ روایت کرتے ہیں کہ معاویہ نے امیر المومنینؑ کے پاس خط لکھا، اس نے اس نامہ میں درج کیا تھا کہ میرے فضائل بہت ہیں میرا باپ دور جاہلیت میں بزرگ و سردار تھا اور ظہور اسلام کے بعد آج میں سلطنت و حکومت کا مالک ہوں میں رسولؐ خدا کا رشتہ دار اور مومنین کا ماموں ہوں (کیونکہ ام حبیبہ زوجۂ رسول اکرمؐ اس کی بہن ہیں) اور میں کاتبان وحی میں سے ہوں۔

امیر المومنینؑ نے اس خط کا جواب دیا! کیا ہندہ جگر خوار کا بیٹا فضیلت و شرف کے لحاظ سے مجھ پر فضیلت و برتری لے جانا چاہتا ہے، اے میرے لال اس کو لکھو کہ پیغمبرؐ خدا از نظر روحانی میرے بھائی ہیں اور از نظر ظاہر میرے چچا کے بیٹے ہیں اور ہم ایک ہی شاخ سے نکلے ہوئے ہیں، حمزہ ابن عبدالمطلب سید الشہداء میرے چچا ہیں۔

جعفر ابن ابو طالب جو ملائکہ کے ساتھ جنت میں پرواز کرتے ہیں میرے بھائی ہیں۔ دختر رسولؐ خدا فاطمہؑ میری زوجہ اور ہمراز ہیں، ہم دونوں اتنا قریب ہیں گویا کہ میرے جسم کا گوشت و خون ان کے گوشت وخون سے مخلوط ہے، سبطین رسول اکرمؐ جن کی ماں فاطمہ ہیں دونوں میرے فرزند ہیں، تم میں سے کون ہے جو میرے اتنے فضائل رکھتا ہے؟

میں تم سب پر اسلام اور ایمان میں سبقت رکھتے ہوئے رسولؐ خدا کا گرویدہ ہوا، درانحالیکہ ابھی سن بلوغ کو نہیں پہنچا تھا، میں نے آنحضرتؐ کے پیچھے نماز پڑھی جبکہ ابھی بچہ تھا، آنحضرتؐ کی رسالت کا اعتراف کیا جبکہ شکم مادر میں جنین تھا، میں وہ شخص ہوں کہ رسول اکرمؐ نے غدیر خم کے دن منصب ولایت کو میرے لئے ثابت و معین کیا اور تمام مسلمانوں سے اس کے بارے میں عہد و پیان لیا۔

وائے ہو وائے!!! اس شخص پر جو خدائے متعال سے ملاقات کے وقت میرے حق کے ظالموں اور غاصبوں میں محسوب ہو، میں وہ شخص ہوں جس کا انکار نہیں کرنا چاہئے کیونکہ جنگ و صلح کے وقت میرے برجستہ کام فراموش نہیں ہو سکتے۔

معاویہ نے جب یہ خط پڑھا، تو کہا اسے پوشیدہ رکھو، خدا نہ کرے وہ اس کیطرف مائل ہو جائیں۔